# P£ÁðlP ¥Ëq²PÀ t ¥jÃPÁë ªÄAq½
ªÄ¯Ã±gA, ¨AU¼ÆgÄ-560003.

# KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD
Malleshwaram, Bengaluru - 560003.

## نمونہ سوالی پرچہ برائے سال 2021-22
## 2021-22 MODEL QUESTION PAPER
## ±Á¯Á C¨sÀyðU½U
## REGULAR FRESHERS

**«µAiÄ: ¥xªÄ ¨Áµ - GzÄð** | **«µAiÄ ¸APÃv: 12-U**

**SUBJECT: FIRST LANGUAGE-URDU** | **SUBJECT CODE:12-U**

**Cª¢ : 3:15 UAm** | **Ujµ CAPU¼Ä :100**

**TIME:3:15 HOURS** | **MAX MARKS :100**

---

## ¥jÃPÁëyðUÁV ¸ÁªiÁ£À ¸ÆZ£U¼Ä :

**عام ہدایات:**

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالات پر مشتمل ہے جس میں 45 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سربُمہر کر دیا گیا ہے۔امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کانٹنا ہوگا۔اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشیئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**I.** درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے: 6 x 1 = 6

1. جس جملے میں مسند اور مسند الیہ اسم ہو، وہ جملہ کہلاتا ہے۔
   (A) جملۂ مفرد
   (B) جملۂ مرکب
   (C) جملۂ اسمیہ
   (D) جملۂ فعلیہ

2. محاورہ ''ترکی بہ ترکی جواب دینا'' کا مطلب ہے۔
   (A) کاہلی سے جواب دینا
   (B) سوچ کر جواب دینا
   (C) سرعت کے ساتھ جواب دینا
   (D) سخت جواب دینا

3. ''اس کی بات تو ٹھیک ہے، مگر رویہّ غلط ہے''۔
   قواعد کے اعتبار سے یہ جملہ ہے۔
   (A) سببی
   (B) تردیدی
   (C) استدراکی
   (D) وصلی

4. اُردو شاعری کی مقبول ترین صنف ہے۔
   (A) رباعی
   (B) غزل
   (C) قطعہ
   (D) مرثیہ

5. جس نظم میں کسی مرحوم شخص کی تعریف کی جائے وہ ہے۔
(A) منقبت
(B) قصیدہ
(C) مرثیہ
(D) مثنوی

6. مطلع کی پہچان
(A) آخری شعر ہوتا ہے۔
(B) شاعر کا تخلص ہوتا ہے۔
(C) سب سے پسندیدہ ہوتا ہے۔
(D) دونوں مصرعے ہم قافیہ وہم ردیف ہوتے ہیں۔

**II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے:** 4 x 1 = 4

7. شب : روز : : شیریں :..........................
8. احمق : احمقانہ : : ناصح :..........................
9. شاعرِ انقلاب : جوش ملیح آبادی : : طوطیٔ ہند :..........................
10. ہدایت کرنے والا : ہادی : : جان نثار کرنے والا :..........................

**III. درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے:** 7 x 1 = 7

11. حجۃ الوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟
12. لال قلعے کے مشاعرے میں سنائی گئی جوشؔ کی نظم کا عنوان کیا تھا؟
13. الیکشن کی کونسی میٹنگ باقی تھی؟
14. خسرو نے کم عمری میں کونسا فن سیکھا؟
15. اخلاق کے موتی کس نے برسائے؟
16. شاعر کی نظر میں رشوت نہ لینے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟
17. خدا نے جب زمین بنائی تو اس پر ملک کی سرحدیں کیوں نہیں تھیں؟

**IV.** **درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے:** 10 x 2 = 20

18. امراء اور حکام کی فرماں برداری کے بارے میں حضور ﷺ کا کیا حکم ہے؟

19. بدایوں پہلے کیسا شہر تھا؟

20. دوسرے دن صبح اُٹھتے ہی مصنف کے پڑوسی نے کیا کیا؟

21. پنڈت نہرو نے جوشؔ اور مہندر سنگھ کو تری مورتی ہاؤس آنے کی دعوت کیوں دی؟

22. ودیا چرن جی نے تقریر میں کس کی بات کرنے اور کس کی بات چھوڑنے کا حکم دیا؟

23. حضور ﷺ کا نام آتے ہی شاعر ماہرؔ القادری کیسا محسوس کرتے ہیں؟

24. ہم پر حضور ﷺ کی کیا کیا عطا ہے؟

25. شاعر کے مطابق رشوت ستانی کو مٹانے کے لئے کونسے اقدامات کرنے چاہیئے؟

26. ''سرحدوں کا جال'' نظم میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

27. شادؔ عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے؟

**V.** **درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے:** 11 x 3 = 33

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے:**

28. ''اُردو یا ہندی کے خطوط سنسر والے روک لیتے ہیں۔''

29. ''ہمیں ایک ہو کر خون خرابے کی سیاست اور بے ایمانی کو مٹانا ہے۔''

30. ''اور کیا تین بجے ہی سورج نکل آئے گا۔''

**درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے:**

31. اداؔ جعفری

**درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے:**

32. میر انیسؔ

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح لکھئے:**

33. آغوش میں ساحل کے، کیا لطف سکوں اس کو
یہ جان ازل ہی سے ، پروردۂ طوفاں ہے

34. تیرے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
میری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

35. یہ اپنی وفا کا عالم ہے ، اب اُن کی جفا کو کیا کہئے
اک نشتر زہر آگیں رکھ کر، نزدیکِ رگِ جاں بھول گئے

**درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:**

36. ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے:

(i) عقیدہ

(ii) منزل

(iii) نظارہ

37. جملۂ فعلیہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کی ایک مثال لکھئے۔

38. آزاد نظم اور پابند نظم میں فرق بتائیے۔

**یا**

مرکب جملے کی تعریف کرتے ہوئے اس کی دو قسمیں کونسی ہیں؟ لکھئے۔

**VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے:** 5 x 4 = 20

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل ڈاکٹر صغریٰ عالم کی لکھی ''حمد'' کے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے۔

**یا**

اپنی نصابی کتاب میں شامل ماہر القادری کی لکھی ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

40. **کسی ایک کا خلاصہ لکھئے:**

(i) جگنو (ii) رشوت

41. حجۃ الوداع کے موقعہ پر دیئے گئے خطبہ میں حضور ﷺ نے حسنِ معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

42. جواہر لال نہرو کی اُردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کیجئے۔

**یا**

امیر خسرو کی فنکارانہ اور شاعرانہ صلاحیتوں کے بارے میں اپنے معلومات لکھئے۔

43. درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے

ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کا شمار تاریخ ہند کی نامور قومی شخصیتوں میں ہوتا ہے۔ آپ آئینِ ہند کے معمار تسلیم کئے جاتے ہیں۔ پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبودی کے لئے جتنی محنت آپ نے کی ہے وہ کسی اور نے نہیں کی۔ آپ ایک ذہین، فعال و دُور اندیش خدمت گذار اور ہر دلعزیز انسان تھے۔

پسماندہ لوگوں کے عظیم ترین قائد کی حیثیت سے آپ کی شہرت لازوال ہے۔ آپ ایک سماجی مصلح تھے۔ صدیوں سے ذلت اور نفرت کا سامنا کرتے ہوئے پسماندہ افراد کو معاشرہ میں باعزت مقام دلوانے کے لئے آپ زندگی بھر مصروف رہے۔ آپ کا تعلق مہار فرقہ سے تھا۔ 14 اپریل 1891ء کو آپ مہاراشٹرا ریاست کے ضلع رتنا گری کے ایک چھوٹے سے گاؤں امباوڑے میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام رام جی سا کپال تھا۔ جو فوج میں صوبیدار کے عہدے پر فائز تھے۔ آپ کی والدہ کا نام بھیما بائی تھا۔ والدین نے بھیم راؤ نام رکھا، مگر بابا صاحب امبیڈکر کے نام سے مشہور ہوئے۔

**سوالات:**

(i) ڈاکٹر امبیڈکر زندگی بھر کس کام میں مصروف رہے؟

(ii) ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے والدین کون تھے؟

**VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے، درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے:** 1 x 5 = 5

44. صدرِ مدرس کے نام ایک خط لکھئے، جس میں دو دن کی چھٹی کی درخواست کی گئی ہو۔

یا

اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی صحت اور امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

**VIII. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے:** 1 x 5 = 5

45. (i) کووڈ-19 کی علامتیں اور احتیاطی تدابیر

یا

(ii) جنگلات کی اہمیت

☆☆☆